© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## مکتوباتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

تالیف و ترتیب: مولانا سید محبوب رضوی

ناشر: ادارہ اسلامیات، ۱۹۰ انارکلی، لاہور

صفحات: ۲۷۰، جلد، کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۸ روپے

اگر یہ درست ہے کہ کسی شخص کی صحیح پہچان اور اس کے ذہن و فکر کی تہ تک رسائی حاصل کرنے کا بنیادی پیمانہ اور اصل آئینہ اس کے اقوال و ارشادات اور خطوط ہی ہو سکتے ہیں، تو اسی آئینے میں سرورِ عالم حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کی بے پناہ رفعتوں کا بھی اندازہ کیجیے۔ اس کے لیے زیرِ نظر کتاب — مکتوباتِ نبوی — ہماری پوری رہنمائی کرے گی۔ اس کے لائق احترام مصنف و مرتب سید محبوب رضوی نے کمال محنت اور عرق ریزی سے آنحضرت کے تمام مکتوبات جو آپ نے مختلف حکمرانوں، قبائل کے سرداروں اور اہم شخصیتوں کے نام ارسال فرمائے، پھر جن قوموں اور لوگوں سے جو معاہدے کیے اور مختلف اوقات میں حسب ضرورت جن قبائل کے لیے جو تشریعی فرامین جاری کیے، وہ اس کتاب میں نہایت عمدہ ترتیب اور بہترین انداز سے جمع کر دیے ہیں۔ ہر مکتوب الیہ کا ذاتی تعارف بھی کرا دیا ہے، ہر مکتوب کا نتیجہ بھی واضح کر دیا ہے، جن ملوک و عمال کو خطوط تحریر فرمائے، ان کے ملک اور علاقے کے بارے میں بھی ضروری معلومات درج کر دیے ہیں اور اس کی موجودہ حیثیت بھی واضح کر دی ہے — یہ سارا مواد احادیث و سیر کی مختلف کتابوں میں بکھرا ہوا تھا، فاضل مصنف نے پوری تگ و تاز کے بعد اسے جمع کر کے اردو کے قالب میں ڈھال دیا ہے۔ زبان بڑی رواں، شستہ اور عام فہم ہے۔ اس کے مطالعہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مقدسہ کا پورا مرقع سامنے آ جاتا ہے۔

کتاب کی ایک خاص خوبی یہ ہے کہ مکتوبات کے عکس بھی دیے گئے ہیں اور یہ بتا دیا ہے کہ یہ مکتوباتِ گرامی کہاں سے دست یاب ہوتے — لائق مصنف نے یہ کتاب ترتیب دے کر بہت

© rasailojaraid.com